© rasailojaraid.com

مزاروں کی جان چھوڑ کر مساجد میں آ بیٹھیں، مزار کی عبادت، شرک اور مسجد کی عبادت ''بندگی'' ہے۔ ایک اللہ کے آگے جھک جائیں، وہی ہر چیز پر قادر ہے:۔

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے — ہزار سجدوں سے آدمی کو دلاتا ہے نجات

بہر حال اس وقت عراقیوں کو پاکستانی بابوں کی مدد کی اشد ضرورت ہے۔ اچھے ہمدرد اور غمگسار پاکستانیوں کو چاہیئے کہ وہ زبردستی ان بزرگوں کو چلہ کشی، ریاضت اور عبادت کیلئے عراق بھیجیں اور بقول شاعر۔

وہ جن کے ہوتے ہیں خورشید آستینوں میں — انہیں کہیں سے بلاؤ، بڑا اندھیرا ہے

## 22۔ ویں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس سرگودھا

جماعتی حلقوں میں یہ خبر بے حد مسرت کی پیامبر ہوگی کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی 22 ویں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ماہ اپریل 2004ء میں شاہینوں کے شہر سرگودھا میں پورے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے۔ جس میں جماعت کے مرکزی قائدین، معروف خطباء، نامور مبلغین اور عالم اسلام کی اہم شخصیات خطاب فرمائیں گی۔ ان شاء اللہ، احباب جماعت سے گزارش ہے کہ وہ:

☆ تبلیغی اشتہارات میں کانفرنس سرگودھا کا چوکھٹا واضح شائع کریں اور اشتہار کی دو کاپیاں مرکز ارسال فرمائیں۔

☆ وال چاکنگ کے ساتھ ساتھ مقامی قومی اخبارات میں کانفرس کے حوالہ سے خبریں لگوائیں اور ان کے تراشے مرکز ارسال فرمائیں۔

☆ تبلیغی و تنظیمی پروگراموں اور جلسوں کی ا طامیہ، معزز خطباء، اہلحدیث یوتھ فورس اور اہلحدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ذمہ داران بھی سرگودھا کانفرنس کے اعلانات شروع کر دیں تاکہ کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے اہلحدیث عوام میں ایک تحریک پیدا ہو جائے۔

نوٹ: پبلسٹی کے حوالہ سے جماعتوں اور احباب جماعت کی کارکردگی کی رپورٹ مجلّہ ''اہلحدیث'' میں شائع کی جائے گی۔ ان شاء اللہ

الداعی الی الخیر: علامہ عبدالعزیز حنیف، ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان،

106- راوی روڈ، لاہور فون: 042-7729933



© rasailojaraid.com